
58 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 24 | صفحات : 08 | ۲۴ جنوری ۲۰۲۶ بروز سنیچر وار بمطابق ۴ شعبان ۱۴۴۷ | Saturday 24th January 2026 | جلد نمبر 58

## کارلوس الکاراز کی آسان فتح

کارلوس الکاراز نے جمعہ کو راڈ لیور ایرینا میں فرانس کے کورینٹن موٹیٹ کو سیدھے سیٹوں میں ۲-۶، ۴-۶، ۱-۶ سے شکست دے کر ۲۰۲۶ آسٹریلین اوپن کے چوتھے راونڈ میں اپنی جگہ یقینی بنالی۔ خواتین کے مقابلوں میں عالمی نمبر ایک آرینا سبالینکا نے کمزور کارکردگی کے باوجود دو ٹائی بریک سیٹوں میں اناستاسیا پوتاپووا کو شکست دی۔(تفصیلات اندر)



## ایڈم ملنے میگا ایونٹ سے باہر


آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے آغاز سے قبل نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیم ایک بڑے بحران کا شکار ہوگئی ہے۔ ٹیم کے اہم ترین ہتھیار اور برق رفتار فاسٹ بولر ایڈم ملنے ٹیم اسٹرنگ انجری کے باعث میگا ایونٹ سے باہر ہوگئے ہیں، جس نے کیوی ٹیم کے ورلڈ کپ جیتنے کے خوابوں کو بڑا دھچکا پہنچایا ہے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے تصدیق کی ہے ۔(تفصیلات اندر)

## برف باری کی تیز رفتاری

## 15 گھنٹوں میں 5 فٹ جمع ہوگئی

سرینگر/ یواین آئی/ وادی کشمیر میں ایک انتہائی شدید اور کم وقت میں آنے والے برفانی طوفان نے موسم سرما کی صورتحال کو یکسر بدل کر رکھ دیا، جہاں محض 15 گھنٹوں کے دوران کئی علاقوں میں پانچ فٹ تک برف جمع ہوگئی۔ اس غیر معمولی برفباری نے رواں موسم سرما کے سب سے طاقتور اور اچانک آنے والے موسمی واقعات میں سے ایک کی شکل اختیار کر لی۔ پیر پنجال کے نزدیک واقع علاقوں کو سب سے زیادہ متاثر قرار دیا جارہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شوپیان/ 1

## وادی کے شب و روز



## وادی بھر میں کل جمعہ کو معراج العالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مقدس تقریبات

## بارشوں کے باوجود درگاہ حضرت بل (سرینگر) میں سب سے بڑی تقریب کا انعقاد

سرینگر/ ایس این این/ برستی بارشوں اور خراب موسمی صورتحال کے بیچ معراج العالم کی اختتامی تقریب پر درگاہ حضرت بل میں فرزندان توحید اور عاشقان رسول ﷺ کا اژدھام اُمڈ آیا جو نماز جمعہ کے بعد دیدارِ موئے مقدس ﷺ سے فیضیاب ہوئے۔ درود حضور 'صلی علیک یا رسول اللہ، وسلم علیک یا حبیب اللہ' کا ورد کرتے ہوئے فرش پر استادہ عرش کی طرف ہاتھ اُٹھا کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں، خطاؤں اور لغزشوں کی معافی طلب کی۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وادی کشمیر میں معراج العالم کے تقریب جمعہ کو بھی وادی بھر میں پوری عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور اس سلسلے میں پوری وادی کی/ 2



## سچی عقیدت بے لوث خدمت اور حقیقی عقیدت ہمدردی/ LG

## وارانسی میں شری بابا کاشی وشوناتھ سیوا سمیتی کی 'سلور جوبلی' تقریبات میں شرکت



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر شری منوج سنہا نے جمعہ کے روز اُتر پردیش کے وارانسی میں شری بابا کاشی وشوناتھ سیوا سمیتی کی 'سلور جوبلی' کے موقعہ پر منعقدہ یادگاری تقریب میں شرکت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اَپنے خطاب میں شری بابا کاشی وشوناتھ سیوا سمیتی کی 25 سالہ لگن اور خدمت کے عزم کی ستائش کی۔ / 3

## سرینگر کے سوا چاروں طرف برف ہی برف

## بجلی گُل، ہائی ویز بند، ہوائی سروس معطل، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ

سرینگر/ سوائے سرینگر وادی کشمیر میں گزشتہ شب طوفانی ہواؤں کے بعد شروع ہونے والی بھاری برف باری نے پوری وادی کو ایک بار پھر سفید چادر میں لپیٹ لیا ہے، جس کے نتیجے میں عام زندگی بری طرح متاثر ہوگئی ہے۔ مسلسل گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ شروع ہونے والی اس برف باری نے نہ صرف سفر و آمدورفت کو محدود کر دیا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں، تعلیمی نظام، بجلی کی سپلائی، مواصلاتی رابطوں اور روزمرہ معمولات کو بھی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ وادی کا زمینی وفضائی رابطہ مکمل طور پر منقطع ہو چکا ہے، قومی شاہراہ کے بند رہنے سے ہزاروں مسافر درماندہ ہیں اور سری نگر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایک بھی پرواز آپریٹ نہیں ہوسکی۔ رن وے پر برف کی موٹی تہہ اور مسلسل کم بصارت کے سبب ایئرپورٹ حکام نے تمام فلائٹ منسوخ کر کے مسافروں کو گھروں میں رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ وادی کے بالائی علاقوں میں صورتحال زیادہ سنگین ہے، جہاں کئی علاقوں میں برف کی گہرائی چارفٹ سے بھی زیادہ ریکارڈ کی گئی ہے اور متعدد دیہات کا ضلع صدر مقامات سے رابطہ پوری طرح ٹوٹ گیا ہے۔ گلمرگ میں صبح نو بجے تک دوفٹ برف جمع ہو چکی تھی جبکہ وسطی کشمیر کے بڈگام ضلع کے پکھرپورہ اور چرارِ شریف میں دو سے چار فٹ، بیروہ میں قریب ایک فٹ اور ٹنگمرگ میں تقریباً دوفٹ برف ریکارڈ ہوئی۔ کپواڑہ کے بالائی علاقوں میں بھی دوفٹ، ٹنگڈار میں تین فٹ اور کرناہ میں ایک فٹ برف جمع ہوئی تھی۔ ضلع بارہمولہ کے سوپور میں چھ انچ، پٹن اور ماگام میں پانچ انچ جبکہ جنوبی کشمیر کے پلوامہ، شوپیاں اور اننت ناگ اضلاع میں ڈیڑھ سے چار فٹ تک برف ریکارڈ کی گئی۔ سری نگر کے ڈاؤن ٹاؤن میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری تھا جبکہ اپ ٹاؤن علاقوں میں ایک انچ برف جمع ہوئی۔ سونہ مرگ میں چھ انچ تازہ برف نے پورے علاقے کو ایک حسین منظر میں بدل دیا ہے مگر یہاں بھی آمدورفت تقریباً ناممکن ہو چکی ہے۔ شدید برف باری نے وادی میں زندگی کے ہر شعبے کو متاثر کیا ہے۔ بازاروں میں ویرانی چھائی ہوئی ہے، بیشتر دکانیں بند پڑی ہیں اور لوگ گھروں میں محصور ہو گئے ہیں۔ دیہی علاقوں میں دودھ، سبزی اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قلت پیدا ہو رہی ہے کیونکہ راستے بند ہونے سے سپلائی چین منقطع ہے۔ بارہمولہ، شوپیاں، ترال، گاندربل، کولگام اور بڈگام کے کئی علاقوں کے لوگوں نے مطلع کیا ہے کہ گلی کوچوں میں برف کی موٹی تہہ نے نہ صرف پیدل چلنا دشوار بنا دیا ہے بلکہ بیماروں کو اسپتالوں تک پہنچانا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ متعدد مقامات پر ایمبولنسیں راستے میں پھنس گئیں جنہیں مقامی رضا کار اور پولیس اہلکاروں نے نکالا۔/ 5



## زمین کے معاملہ میں فراڈ کرنے کے الزام میں ایک شخص کے خلاف

## عدالت چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام میں چارج شیٹ داخل

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ نے گورنمنٹ ہاؤسنگ کالونی، اوم پورہ میں ایک پلاٹ سے متعلق مبینہ اراضی فراڈ کے سلسلے میں چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کرائم برانچ نے تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی دفعات 420، 467، 468، اور 471 کے تحت درج ایف آئی آر زیر نمبر 61/2023 میں عدالت چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمہ گورنمنٹ ہاؤسنگ کالونی اوم پورہ بڈگام میں واقع پلاٹ نمبر 1165 کے حوالے سے دھوکہ دہی، جعلسازی اور جعلی دستاویزات کے استعمال کے الزامات سے متعلق ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ/ 4

## تیز ہواؤں کی وجہ سے ہمارا پورا سسٹم ڈاؤن ہوگیا ہے/ وزیر اعلیٰ

## لیکن بجلی کی بحالی کیلئے ہنگامی سطح پر اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں



سرینگر/ ایس این این/ برفباری کے بعد ضروری خدمات کی بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے کی بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ شدید برفباری سے سیاحت کو فائدہ ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترجیحی سڑکوں کو پہلے صاف کیا جارہا ہے، اس کے بعد ثانوی راستے، اور یقین دلایا کہ تمام سڑکوں کو مرحلہ وار دوبارہ جوڑ دیا جائے گا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں بجٹ سے قبل ایک مشاورتی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس موقعہ پر میڈیا نمائندوں سے/ 6

## کیرالہ سے چلنے والی تین ٹرینوں کو وزیر اعظم کی ہری جھنڈی

## جنوبی ہندستان میں ریل سفر کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے/ ریلوے



ترواننت پورم/ یواین آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو یہاں منعقدہ ایک پروگرام میں کیرالہ سے چلنے والی تین امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ پہلا موقع ہے جب کیرالہ میں امرت بھارت ایکسپریس ٹرین کا آغاز ہوا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے تریشور-گرووایور مسافر ٹرین کو بھی ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جس سے روزمرہ کے کاموں کے لیے سفر کرنے والے مسافروں کو بڑی سہولت ملے گی۔ ریلوے بورڈ کے/ 7

## وادی میں سفید برف اور سیاہ راتوں کے بے مثال رنگ

سرینگر/ یواین ایس/ وادی کے بیشتر اضلاع میں جمعرات کی شام شروع ہونے والی شدید آندھی اور ہواؤں نے وادی کشمیر میں بجلی کے پورے نظام کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کے نتیجے میں وادی کے 80 فیصد سے زائد علاقے اندھیرے میں ڈوب گئے ہیں۔ بجلی کی مجموعی طلب تقریباً 1700 تا 1900 میگاواٹ کے مقابلے میں دستیاب سپلائی صرف 100 سے 300 میگاواٹ رہ گئی ہے، جس سے گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ کاروباری سرگرمیاں اور روزمرہ زندگی بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ جموں وکشمیر کے دفتر کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ تقریباً تمام 33 کے وی فیڈرز بند ہو چکے ہیں، جن میں/ 8

